آزمائشی اشاعت

غیر رسمی تعلیم

# انفارمیشن کمیونیکیشن ٹیکنالوجی

## رہنمائے اساتذہ




پیکیج ڈی (برائے ششم و ہفتم)

نظامت برائے خواندگی و غیر رسمی تعلیم
نظامت برائے نصاب، جائزہ و تحقیق
شعبہ تعلیم و خواندگی، حکومتِ سندھ

# جملہ حقوق

جملہ حقوق بہ حقِ نظامتِ خواندگی وغیررسمی تعلیم ، شعبہ تعلیم و خواندگی، حکومت سندھ محفوظ

اس کتاب کا تدریسی مواد غیر رسمی مدارس/مراکز کے طلبہ و طالبات کی تعلیمی ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے حکومتِ سندھ سے منظور شدہ نصاب کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔

اس سلسلے میں نظامتِ خواندگی و غیررسمی تعلیم، حکومتِ سندھ آپ کی تجاویز کو بہتری کے لیے خوش آئند پائے گا۔

| مصنّفین و مؤلّفین | صوبائی کمیٹی برائے جائزہ نصاب و کتب |
|---|---|
| مشتاق احمد انصاری<br>امجد علی یوسف زئی | عبدالمجید بھرٹ<br>عمران پٹھان<br>مشتاق احمد انصاری |

نگران اعلیٰ: ڈاکٹر فوزیہ خان، چیف ایڈوائزر، کریکیولم ونگ، شعبہ تعلیم و خواندگی، حکومتِ سندھ
ڈاکٹر آفتاب احمد شیخ، ڈائریکٹر، نظامتِ خواندگی وغیررسمی تعلیم،حکومتِ سندھ

نگران برائے ترتیب و جائزہ: پیارو خان سہارن، ڈائریکٹر، نصابِ جائزہ و تحقیق جامشورو، حکومتِ سندھ

نگران طباعت: عابد حسین گل، ڈپٹی چیف ایڈوائزر JICA AQAL Project
آصف ابرار، ایجوکیشن اسپیشلسٹ UNICEF Sindh Karachi

تکنیکی معاونت: محمد یونس چودھری، کریکیولم اسپیشلسٹ JICA AQAL Project

انتظامی معاونت: منظور احمد عقیلی، ڈپٹی ڈائریکٹر، نظامتِ خواندگی و غیررسمی تعلیم
پریم ساگر، صوبائی کوآرڈینٹر سندھ JICA AQAL Project

آزمائشی اشاعت: سال 2022

آرٹ وِلے آؤٹ: زیرک فاطمہ، محمد اکمل شہزاد، جواز علی خاصخیلی، فرحان صدیقی

تکنیکی و مالی معاونت: یونیسیف UNICEF سندھ، JICA AQAL Project

## پیغام

پاکستان بالخصوص صوبہ سندھ کی آبادی کا بڑا حصہ علم کی روشنی اور پڑھنے لکھنے کی صلاحیت سے محروم ہے۔ آج کے دور میں بھی سندھ کی شرح خواندگی 60 فی صد سے کم ہے۔ حکومت سندھ کی کوشش ہے کہ سال 2030 تک یہ شرح 85 فی صد ہو جائے۔

صوبہ سندھ میں محکمہ تعلیم نے یونیسیف (UNICEF)، جائیکا (JICA)، نظامت نصاب جائزہ و تحقیق (DCAR) ، اور متعدد ماہرین تعلیم کے تعاون سے غیر رسمی تعلیم کے سلسلے میں مختلف مضامین کے نصابات (Curricula) ترتیب دیے ہیں۔ پہلے مرحلے میں ابتدائی جماعتوں کے نصابات ترتیب دیے گئے۔ اور 2022 میں وسطانی درجات کے نصابات تشکیل دیے گئے ہیں۔ ان نصابات کے تحت وسطانی درجات میں پڑھائے جانے والے مضامین کی درسی کتب اور رہنمائے اساتذہ تیار کیے گئے ہیں جن کی مدد سے صوبہ سندھ کے طلبہ وطالبات 18 ماہ میں وسطانی سطح کی تعلیم مکمل کرلیں گے۔ ان درجات کو پیکیج ڈی اور پیکیج ای کا نام دیا گیا ہے تاکہ جو بچے کسی وجہ سے رسمی (Formal) اسکولوں سے تعلیم مکمل نہ کر سکے ہوں اور ان کی عمر بڑھ گئی ہو وہ Accelerated Learning کے ذریعہ 18 ماہ کا کورس مکمل کر کے وسطانی سطح کا سرٹیفکیٹ حاصل کر سکیں۔

خیر اندیش

**غلام اکبر لغاری**

سیکریٹری

محکمہ تعلیمات و خواندگی حکومت سندھ

# دیباچہ

اٹھارویں ترمیم کے بعد نصاب سازی کا عمل صوبوں کو منتقل کر دیا گیا۔ چنانچہ نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم حکومت سندھ نے 2015 میں جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (JICA) اور نظامت نصاب، جائزہ و تحقیق کے تعاون سے غیر رسمی تعلیم کے حوالے سے ابتدائی درجات کے لیے مختلف مضامین کے نصابات تشکیل دیے اور ان کے نام پیکیج اے بی، سی رکھے گئے۔ ان نصابات کے تحت درسی کتب اور رہنمائے اساتذہ بنائے گئے۔

مذکورہ بالا مواد کی تیاری میں ماہرین تعلیم اور اساتذہ پر مشتمل کمیٹیوں نے بھرپور انداز سے کام کیا اور مواد کو دلچسپ، موثر اور نتیجہ خیز بنانے کی کوشش کی۔

ابتدائی نصابات پر عمل درآمد کے دوران اس بات کی ضرورت محسوس کی گئی کہ وسطانی جماعتوں کے نصابات بھی تیار کیے جائیں۔ چناچہ نظامت خواندگی وغیر رسمی تعلیم نے یونیسیف (UNICEF) اور جائیکا (JICA) کے تعاون سے وسطانی درجات کے نصابات درسی کتب اور رہنمائے اساتذہ تیار کیے ۔ جماعت ششم و ہفتم کا نام پیکیج ڈی اور جماعت ہشتم کا نام پیکیج ای رکھا گیا۔

اردو پیکیج ڈی کی درسی کتاب کے اسباق کی تیاری میں نصاب میں دی گئی استعداد مہارتیں معیارات حد تدریج حاصلات تعلم، موضوعات و عنوانات کو اور تعلیم کے بنیادی اصولوں کو مدنظر رکھا گیا۔ یعنی آسان سے مشکل، سادہ سے پیچیدہ اور مقرون سے مجرد تصورات کا خیال رکھا گیا۔ اسباق کی مشقوں میں زبان شناسی پر خصوصی توجہ دی گئی اور حاصلات تعلیم کا جائزہ لینے کے لیے مختلف النوع سوالات مثلاً: موضوعی اور معروضی سوالات کا خاص طور پر اہتمام کیا گیا ہے۔

رہنمائے اساتذہ (ٹیچر گائیڈ) میں ہر سبق کے سبقی خاکے، موثر تدریسی طریقوں اور تدریسی معاونات کی نشان دہی کی گئی ہے۔ لسانی سرگرمیوں میں حاصلات تعلم، ذہنی آمادگی کی تکنیکوں، سبق کی پیش کش اور تفہیم عبارت کا بہ طور خاص خیال رکھا گیا ہے۔ قوی امید ہے کہ آپ اس درسی کتاب کو تنقیدی نقطہ نظر سے دیکھیں گے اور اسے بہتر بنانے کے لیے اپنی تجاویز اور آرا سے نوازیں گے۔

خیر اندیش
ڈاکٹر آفتاب احمد شیخ
ناظم
نظامت خواندگی وغیر رسمی تعلیم
حکومت سندھ

DRAFT

# رہنمائے اساتذہ

آئی سی ٹی ICT آج کی زندگی کا ایک اہم حصہ ہے۔ آئی سی ٹی دو پہلوؤں سے بہت اہم ہے۔ پہلا مضمون کی حیثیت سے اور دوسرا ہُنر کی حیثیت سے۔ جو کچھ ہم آئی سی ٹی سے سیکھتے ہیں وہ بذریعہ ٹیکنالوجی سیکھنے اور سکھانے کے لیے کارآمد ہیں ہے۔ کووڈ۱۹ کے دوران آئی سی ٹی کی اہمیت کا اندازہ ہو چکا ہے۔

استاد نہ صرف علم بلکہ آئی سی ٹی ہُنر فراہم کرنے میں بھی کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے بلکہ اُس کا مثبت رویہ سکھانے اور آئی سی ٹی استعمال کرنے میں معاون ہوتا ہے۔ اس مضمون کو پڑھانے کا طریقہ محض کتاب کی نقل تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس کا نتیجہ طالب علم کی ذہنی بہتری ہونا چاہیے تاکہ وہ اس کتاب کے علاوہ اپنی صلاحیت کا استعمال کریں اور نئے طریقے دریافت کر کے اس علم کو حقیقی دنیا میں یا متعلقہ میدان میں استعمال کر سکے۔

# فہرست



| سبق نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| باب 1 | کمپیوٹر کیا ہے؟ | 01 |
| باب 2 | ہارڈویئر اور سافٹ ویئر | 05 |
| باب 3 | ونڈوز آپریٹنگ سسٹم | 11 |
| باب 4 | ٹائپنگ کی مہارت | 15 |
| باب 5 | ورڈ پروسیسنگ | 19 |
| باب 6 | سسٹم یونٹ | 24 |
| باب 7 | پاورپوائنٹ پریزنٹیشن | 28 |
| باب 8 | ای میل کی تعریف کریں | 31 |

# کمپیوٹر کیا ہے؟

یہ باب کمپیوٹر اور انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالاجی ( ICT ) کے تعارف سے متعلق ہے۔ڈیٹا اور انفارمیشن متعلق معلومات، کمپیوٹر کے فوائد و نقصانات اور اس کا مستقبل میں استعمال اس یونٹ کی دیگر حاصلات تعلم Learning Outcomes ہیں۔

## پڑھانے کا طریقہ:

یہ یونٹ کمپیوٹر کے متعلق تھیوری پر مبنی ہے لیکن استاد اِسے پڑھانے کے دوران بات چیت اور جہاں ضروری ہو آن لائن ویڈیوز کے ذریعے دلچسپ بنا سکتا ہے۔بات چیت کے دوران اُستاد Closed Ended سوالات نہ کرے اور نہ ہی طالب علموں سے سوالات کے بالکل درست جواب کی توقع کرے، بجائے اِس کے طالب علم کو سوالات پوچھنے چاہیے اور ان کے جوابات خود یا ساتھیوں کی مدد سے حاصل کرنے کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔ استاد گفتگو کو Critical Thinking اور حقیقی دنیا کی مثالوں سے بہتر بنائے۔ اس کتاب کو اردو اور سندھی میں ترجمہ کر دیا گیا ہے تا کہ طالب علم آسانی سے سمجھ سکیں

تاہم جہاں ضرورت ہو اساتذہ طلبہ کو انگریزی کی اصطلاحات ضرور بتائیں۔

استاد سے اُمید ہے کہ گفتگو میں تمام طلبہ کو شریک کرنے کی کوشش کرے۔

ایک ایساماحول بنایا جائے جس میں طلباء اور طالبات اپنے خیالات کا کھل کر اظہار کر سکیں۔ ایک دوسرے کی رائے کا احترام کرنا سیکھیں۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ گفتگو کے دوران چند بچے زیادہ بولنے کی کوشش کرتے ہیں جبکہ چند بالکل خاموش رہتے ہیں۔ اساتذہ یہ یقینی بنائیں کہ ایسا نہ ہو۔ اساتذہ ان سوالات کی مدد سے کلاس میں بحث کرواسکتے ہیں۔

1 کمپیوٹر کیا ہے؟

2 کمپیوٹر کیوں اہم ہے؟

3 کمپیوٹر کہاں استعمال ہوتے ہیں؟

4 کمپیوٹرز کے کیا فائدے اور نقصانات ہیں؟

5 کمپیوٹر کا مستقبل کیا ہے اور ہماری زندگی اس سے کس طرح متاثر ہو گی؟

6 کمپیوٹر کی مختلف اقسام کیا ہیں؟(لیپ ٹاپ، پی سی، موبائل فونز ز ٹیبلیٹ؟اور ان کے کیا فائدے اور نقصانات ہیں ؟(تصاویر اور ویڈیوز کا استعمال کر کے وضاحت کریں)

## مشق کے لئے رہنمائی:

(Answer keys for MCQs)

یہاں ایم سی کیوز کے جوابات صرف اساتذہ کی آسانی کے لیے دے دیے گئے ہیں ہے۔ طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ خود ان مشقوں کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

| نمبر | درست جوابات |
|---|---|
| 1 | ا |
| 2 | د |
| 3 | ا |
| 4 | ج |
| 5 | د |

## سوالات کے جوابات CRQs

ان سوالات کے جوابات تلاش کرنے اور انہیں لکھنے میں طلباء اور طالبات کی مدد کریں۔ زبان سے زیادہ طلباء اور طالبات کے خیالات پر توجہ دیں۔

## سرگرمیاں:

پہلی دوسری سرگرمیاں جماعت میں مباحثے کے طور پر کی جائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ نکات کو کاغذ پر تحریر کریں اور انہیں گفتگو کے دوران استعمال کریں۔

## سرگرمی نمبر۳:

بچوں سے کہیں کہ وہ کسی کمپیوٹر کی دُکان پر جائیں یا کسی ایسے شخص سے ملیں جو کمپیوٹر فروخت کرتا ہو اور پوچھیں:

1 کمپیوٹر خریدنے کے لئے کون سی چیزوں پر غور کرنا چاہیے؟
2 کم از کم تین کمپیوٹرز کی قیمت کی فہرست بنائیں (پروسیسر، بورڈ، ریم، ہارڈ ڈسک، یو ایس بی پورٹس، ڈسپلے آپشن وغیرہ) اور قیمت اور کارکردگی کا تقابل Comparison کریں۔

# ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر

یہ باب ہارڈ ویئر اور سافٹ وئیر کے متعلق ہے۔

ہارڈ ویئر کی چار بڑی کیٹیگریز Categories ہیں،ان پُٹ ، پروسیسنگ، آؤٹ پُٹ اور اسٹور یج۔کتاب میں ان کا مختصر تعارف دیا گیاہے۔

سافٹ وئیر کے سیکشن میں سافٹ ویئر کی بڑی اقسام،عام اور خاص اقسام کے سافٹ وئیر کے بارے میں بتایا گیاہے۔

## پڑھانے کا طریقہ:

یہ بھی تھیوریٹیکل یونٹ ہے لیکن گفتگو اور مشاہدے کا طریقہ اِسے دلچسپ بنا سکتا ہے۔ہارڈ وئیر کے طور پر پُرانے اور بے کار کمپیوٹر کے پُرزے دکھانے کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ متبادل کے طور پر خاکے اور انٹرنیٹ کی تصاویر اور ویڈیوز کو بھی پیش کرنے کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ لرنرز سے بھی خاکے بنانے کے لئے کہا جا سکتا ہے، جنہیں بعد میں تدریسی وسائل کے طور پر بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

اس باب کو مکمل کرنے کے بعد طالب علموں کو معلوم ہونا چاہیے۔

۱۔ ہارڈ ویئر یا سافٹ ویئر کے آلات کے نام

۲۔ کمپیوٹر میں اُن کا خصوصی استعمال

۳۔ اُن کی خصوصیات

مثلاً

ہارڈ ڈسک کی خصوصیات کیا ہیں؟ اس کی گنجائش، ڈیٹا ٹرانسفر کرنے کی رفتار، آر پی ایم(RPM) وغیرہ۔ طلباء کو چیزیں خود معلوم کرنی چاہییں اور اپنی استطاعت اور دلچسپی کے مطابق علم میں اضافہ کرنا چاہیے۔

استاد کلاس روم پریزنٹیشن کو بطور تدریسی معاون کے استعمال کر سکتا ہے اور لرنرز سے کہیں کہ وہ گروپ کی صورت میں یا جوڑے بنا کر کام کریں اور ان چیزوں کی پریزنٹیشن تیار کریں۔ (یہاں پریزنٹیشن کا مطلب پاور پوائنٹ پریزنٹیشن نہیں ہے)۔

1 ان پٹ ڈیوائس Input Devices

2 پروسیسنگ ڈیوائس Processing Devices

3 آؤٹ پٹ ڈیوائس Output Devices

4 اسٹوریج ڈیوائس Storage Devices

5 عام مقصد کے سافٹ ویئر Common Purpose Software

6 خاص مقصد کے سافٹ ویئر Specific Purpose Software

ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر دونوں میں روز بروز نئی ایجادات ہوتی جا رہی ہیں۔ اساتذہ اپنی کلاس کی استعداد کے مطابق نئی چیزوں خاص کے سافٹ ویئر پر بات چیت کر سکتے ہیں۔

لرنرز کی کتاب سے ہٹ کر سیکھنے میں حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔ معلومات کو یاد کرنا مقصد نہیں ہونا چاہیے بلکہ معلومات میں بتدریج اضافہ مقصد ہونا چاہیے۔ اساتذہ کو واضح کرنا چاہیے کہ وہ پریزنٹیشن میں لرنرز سے کیا توقع رکھتے ہیں۔ پریزنٹیشن کے بعد شاندار، اچھا اور مناسب کے الفاظ سے تعریف کریں۔ طلباء کو بتائیں کہ اچھا کیا تھا، کمی کیا تھی اور کیا چیز بہتر کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے اساتذہ فیڈبیک سینڈوچ ٹیکنیک کو بھی استعمال کر سکتے ہیں۔




فیڈبیک سینڈوچ میں استاد کو فیڈبیک کی لیئرز Layers بنانی چاہیے۔

جیسا فارمولا نظر آتا ہے:

۱۔ فیڈبیک مثبت انداز میں شروع کریں۔

۲۔ اس کے بعد تعمیری فیڈبیک دیں کہ کس طرح اس کوشش کو بہتر کیا جا سکتا ہے۔

۳۔ آخر میں انتہائی مثبت فیڈبیک پر اختتام کریں۔

## مشق کے لئے رہنمائی:

(Answer Keys for MCQs)

یہاں ایم سی کیوز کے جوابات صرف اساتذہ کی آسانی کے لیے دے دیے گئے ہیں۔
لرنرز کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ خود ان مشقوں کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

| نمبر | درست جوابات |
|---|---|
| 1 | ج |
| 2 | د |
| 3 | د |
| 4 | ب |
| 5 | د |

## سوالات کے جوابات CRQs

ان سوالات کے جوابات تلاش کرنے اور انہیں لکھنے میں لرنرز کی مدد کریں۔ زبان سے زیادہ لرنرز کے خیالات پر توجہ دیں۔

### سرگرمیاں:

### سرگرمی نمبر۱:

لرنرز سے کہیں کہ وہ مختلف سافٹ ویئر اور اُن کے استعمال کی ایک فہرست تیار کریں۔ دیا گیا نمونہ استعمال کریں۔

| سافٹ ویئر کی اقسام | سافٹ ویئر کا استعمال |
|---|---|
| ورڈ پروسیسر Word Processor | |
| اسپریڈ شیٹ Spreadsheet | |
| پریزنٹیشن Presentations | |
| ڈیٹابیس Database | |
| ویب بروزر Web Browsers | |
| اینٹی وائرس Antivirus | |

## سرگرمی نمبر ۲:

یہ سرگرمی خود کرنے کی کوشش کریں۔

# ونڈوز آپریٹنگ سسٹم

یہ باب آپریٹنگ سسٹم Operating System کے کام اور اس کو بنیادی طور پر سمجھنے سے متعلق ہے۔ اساتذہ سے اُمید کی جاتی ہے کہ وہ آپریٹنگ سسٹم کی اہمیت اور اس کے اہم کام بیان کریں۔ عنوانات کو واضح طور پر بیان کریں اور دیے گئے مواد سے ہٹ کر گفتگو کریں۔

## پڑھانے کا طریقہ:

یہ باب تھیوری اور پریکٹیکل کا ملاپ ہے۔ تھیوری میں استاد تصور کی وضاحت کرنے کے لئے ویڈیوز اور آن لائن ڈیٹا کا استعمال کر سکتا ہے۔ عملی کام استاد کے کر کے دکھانے Demonstration اور شاگرد کے مشق کرنے کا امتزاج Combination ہے۔ مثال کے طور پر لرنرز سرگرمی کی مشق کرنے کا موقع ملنا چاہیے۔ تاہم اگر سینٹر میں کمپیوٹر کی کمی ہے تو ایک کمپیوٹر کچھ لرنرز مل کر استعمال کریں۔ لرنرز کو ونڈو آپریٹنگ سسٹم Windows Operating System لرنرز استعمال کرنے کا موقع ملنا چاہیے ۔ آج کل کمپیوٹر پر ونڈوز Windows 7 اور ونڈوز Windows 10 عام استعمال ہو رہی ہیں۔

## ونڈوز کی تنصیب:Installation

یہ بہت اچھا ہوگا کہ استاد عملی طور پر ونڈوز انسٹالیشن Windows Installation کرکے دکھائے۔ انسٹالیشن کے لیے آج کل USB استعمال کی جاتی ہے۔ کمپیوٹر کو USB کے ذریعے ری اسٹارٹ کریں اور اسکرین پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اساتذہ اس سلسلے میں کسی کمپیوٹر کے ماہر کی بھی مدد لے سکتے ہیں۔ سینٹر کے آس پاس کسی کمپیوٹر ماہر کو سینٹر آنے کی دعوت دی جاسکتی ہے جو لرنرز کو Windows انسٹال کر کے دکھائے۔ اگر کوئی بھی صورت ممکن نہ ہو تو یوٹیوب کی کسی ویڈیو کی مدد لی جاسکتی ہے۔ اپنے طور پر ویڈیو تلاش اور منتخب کریں۔

استاد اس ہُنر کو ضرور سیکھیں اور اس کی مشق کریں۔

فولڈرز Folders کا بنانا، نام تبدیل کرنا Rename اور ڈلیٹ Delete کرنا.

فائلز کو محفوظ کرنا، تبدیل کرنا اور ختم کرنا

کمپیوٹر پر کام شروع کریں اور ابتدا میں مختلف آپشنز Options استعمال کریں۔

## فائلز ایکسپلورر File Explorer کا استعمال:

آج کل موبائل آلات بہت عام ہیں۔ موبائل آلات جیسے ٹیبلٹ اور موبائل فون بھی آپریٹنگ سسٹم سے چلتے ہیں اگرچہ یہ آپریٹنگ سسٹم (عام طور پر اینڈرائیڈ Android ہوتا ہے) ونڈوز سے مختلف ہوتا ہے۔ لیکن یاد رکھنا چاہیئے کہ آپریٹنگ سسٹم کے کام یکساں ہوتے ہیں۔ جیسے فائل مینیجمینٹ اور ریسورس مینیجمینٹ۔

یہاں ایم سی کیوز کے جوابات صرف اساتذہ کی آسانی کے لیے دے دیے گئے ۔ لرنرز کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ خود ان مشقوں کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

## مشق کے لئے رہنمائی:

(Answer Keys for MCQs)

| نمبر | درست جوابات |
|---|---|
| 1 | د |
| 2 | ب |
| 3 | ا |
| 4 | ا |
| 5 | ب |

## CRQs سوالات کے جوابات

سوال نمبر ۳ This PC, Documents, Downloads, Recycle Recycle Bin, Desktop وغیرہ کے فولڈرز کے بارے میں ہے۔

سوال نمبر ۴ کے حل کے وقت یا یہ یونٹ پڑھاتے ہوئے کہیں بھی اگر فیسیلیٹیٹرز کلپ بورڈ کے متعلق معلومات دے سکے تو بہت اچھا ہو گا۔ ہم جو بھی کاپی یا کٹ کرتے ہیں وہ کلپ بورڈ میں وقتی طور پر محفوظ ہو جاتی ہے۔

## سرگرمیاں

یہ سرگرمیاں عملی سرگرمیاں یا پریکٹیکل ہیں۔ لرنزز کو موقع دیں کہ وہ یہ سرگرمیاں خود کریں۔ ضرورت ہو تو ایک بار یہ سرگرمیاں کر کے دکھا دیں ۔ جہاں کمپیوٹر کم ہوں وہاں گروپ میں باری باری بچوں کو پریکٹیکل کرنے کا موقع دیں۔

# ٹائپنگ کی مہارت

یہ باب ٹائپنگ کے ہُنر کو سکھانے اور بہتر بنانے کے لیے ہے۔ کمپیوٹر پر دائیں اور بائیں کیز (Keys) کو پہچاننا اور ڈیٹا ٹائپ کرنے کے لئے انگلیوں کا درست استعمال سکھائیں۔ سیکھنے والوں کو اُردو، سندھی، انگلش کی بورڈ Key Board کو جاننے اور مشق کے ذریعے ٹائپنگ کی رفتار بہتر اور درست کرنے کا موقع دیں۔ لرنرز کو بتائیں کہ Alt+Shift کے ذریعے زبان کو تبدیل کر سکتے ہیں۔

## پڑھانے کا طریقہ:

استاد کو ایسی تصاویر کا استعمال کرنا چاہیے جن کے ذریعے لرنرز کو کی بورڈ پر انگلیوں کے درست استعمال کے بارے میں معلوم ہو سکے، استعمال کر کے استاد پہلے انگلش کی بورڈ Key Board استعمال کرے پھر اُردو اور سندھی کی بورڈز Key Boards۔ درست کی پر درست انگلی کا استعمال کرنے کے لیے استاد مختلف ٹائپنگ سافٹ ویئر Typing Software کا بھی استعمال سکھا سکتے ہیں جیسے ریڈ ٹائیپنگ۔ یہ سافٹ وئیر لرنرز کی ٹائپنگ رفتار اور درستگی سانچنے میں بھی مدد گار ہوتے ہیں۔

ایک پیراگراف کا متن دے کر ان کے درمیان ٹائپنگ کا مقابلہ بھی کروایا جا سکتا ہے۔ لرنرز کو نمبرز ان کی اسپیڈ اور درست ٹائپنگ کی بنیاد پر دیں۔ استاد سوالات بھی کر سکتا ہے، جیسے کون سی کِی (Key) دائیں یا بائیں ہاتھ کے لیے ہے اور کون سی انگلی اُس کے استعمال ہو گی۔

ٹائپنگ کی مہارت آج کل ہر کسی کے لیے ضروری ہے لیکن یہ مہارت کسی کے لیے روز گار کا ذریعہ بھی بن سکتی ہے۔ نوجوان اس مہارت کے ذریعے کمپوزنگ کا کام شروع کر سکتے ہیں جو کہ بہت قلیل سرمائے اور وسائل سے شروع کیا جا سکتا ہے۔ کمپوزنگ کا کام فری لانسر کے طور پر گھر بیٹھے آن لائن بھی کیا جا سکتا ہے۔

## مشق کی رہنمائی کے لیے:

اس سبق کے بارے میں رہنمائی انٹرنیٹ سے بھی حاصل کی جا سکتی ہے، جیسا کہ

www.ratatype.com/learn/.

(Answer Keys for MCQs)

یہاں ایم سی کیوز کے جوابات صرف اساتذہ کی آسانی کے لیے دیے گئے ہیں ۔ لرنرز کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ خود ان مشقوں کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

| نمبر | درست جوابات |
| --- | --- |
| 1 | ج |
| 2 | ا |
| 3 | د |
| 4 | ب |
| 5 | ج |

## سوالات کے جوابات CRQs

ان سوالات کے جوابات تلاش کرنے اور انہیں لکھنے میں لرنرز کی مدد کریں۔ زبان سے زیادہ لرنرز کے خیالات پر توجہ دیں۔

سوال نمبر ۲ بہت اہم ہے۔ بچوں کو اس بات سے روشناس کروائیں کہ کمپیوٹر اور موبائیل پر اب بول کر بھی ٹائپ کروایا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں آگے ایک سرگرمی بھی دی گئی ہے۔

## سرگرمیاں:

یہ پریکٹیکل سرگرمیاں ہیں۔ لرنرز یہ سرگرمیاں خود کرنے کی کوشش کریں۔

OCR ایک یوٹیلیٹی ہے جس کے ذریعے ہم چھپے ہوئے Printed مواد کی تصویر یا اسکین کی ہوئی کاپی پر موجود ٹیکسٹ کو کمپیوٹر کی ٹیکسٹ فائل میں

تبدیل کر سکتے ہیں۔ OCR کی سرگرمی کے لیے مندرجہ ذیل ویب سائیٹ کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔ آپ کو بس متعلقہ تصویر اپ لوڈ کرنا ہو گی ۔

Free Online OCR – Image to text and PDF to Doc converter
https://www.onlineocr.net

استاد ان سرگرمیوں کے علاوہ مندرجہ ذیل سرگرمیاں بھی کرواسکتے ہیں۔

## سرگرمی نمبر۱:

لرنرز سے مخصوص حرف / کیریکٹر Character کے لیے درست انگلی (دائیں یا بائیں) کا استعمال پوچھنے کے لئے کوئز کامپیٹیشن Quiz Competition بھی کرواسکتے ہیں۔

## سرگرمی نمبر۲:

لرنرز سے انگلش، اُردو اور سندھی کے متبادل Character معلوم کریں، جیسے انگلش میں لفظ S اُردو اور سندھی۔

## سرگرمی نمبر۳:

لرنرز کو موقع دیں کہ وہ آن لائن ٹائپنگ ٹیوٹر کا استعمال کریں۔

# ورڈ پروسیسنگ

یہ باب ایم ایس ورڈ (MS Word) سکھانے کے لیے ہے۔ یہ مکمل طور پر عملی کام پر مشتمل ہے۔ کتاب میں موجود مواد صرف لرنرز کی رہنمائی کے لیے ہے۔ ایم ایس ورڈ کا سیکھنا بہت اہم ہے کیونکہ تعلیمی مقصد کے لئے استعمال ہونے والا یہ ایک نہایت عام سافٹ ویئر ہے۔ اس کے علاوہ کوئی فری لانسر کمپوزر یا ٹائپسٹ کی ملازمت حاصل کرنے کے لیے ورڈ پروسیسنگ Word Processing کا ہُنر بھی سیکھ سکتے ہیں۔

## پڑھانے کا طریقہ:

یہ باب ہنر مندی یعنی پریکٹیکل اپروچ پر مشتمل ہے۔ اساتذہ سے اُمید کی جاتی ہے کہ وہ اس میں دیے گئے مختلف کام کر کے دکھائیں گے اور لرنرز سے بھی کروائیں گے۔ کمپیوٹرز کی دستیابی کا مسئلہ ہو سکتا ہے لیکن لرنرز گروپ کی صورت میں کام کریں اور مختلف گروپ مختلف اوقات میں کام کریں۔ مختلف سینٹرز میں ایم ایس ورڈ (MS Word) کے مختلف ورژنز Versions بھی مسئلہ ہو سکتا ہے تاہم اس باب میں دیئے گئے آپشنز (options) بہت عام ہیں اور ایم ایس ورڈ M.S.Word کے کسی بھی ورژن (Version) پر ان کی مشق کی جاسکتی ہے.

یادرکھیں کہ یہ باب ایم ایس ورڈ کے مختلف آپشنز کا استعمال جاننے کے لئے ہے۔

زیادہ مشق لرنرز کو زیادہ ماہر بنا دے گی ۔استاد لرنرز کو دیگر ورڈ پروسیسنگ سافٹ ویئر سے بھی روشناس کروا سکتا ہے جیسے گوگل ڈاکس (Google Docs)اور ورڈ آن لائن(Word Online)

مشق کا مطلب آپشنز (options)کو دہرانا نہیں ہوتا۔ اُس سے لرنرز بہت جلد اکتا جائیں گے۔اس لئے استاد کے لئے سادہ پریکٹیکل ترتیب دے۔کام کو چیلنجنگ (Challenging task)بنا کر سرگرمی کو بامقصد اور سیر حاصل بنایا جاسکتا ہے۔

ایک درخواست لکھنا،ایک اخبار کی خبر ترتیب (compose) دینا اور دعوت نامہ ڈیزائن کرنا لرنرز کے لیے چند کام ہیں۔اس کے علاوہ یادرکھیں کہ اس باب میں دی گئی اسکلز بنیادی اسکلز ہیں، جو ہر طالب علم کو حاصل کرنی چاہیے۔تاہم زیادہ سے زیادہ سیکھنے کی کوئی حد نہیں ہے اس لیے لرنرز کو آگے بڑھنے سے نہ روکیں۔

## اجتماعی کام:

اشتراکیت یا مل کر کام کرنا(Group Work)اکیسویں صدی کا ایک نمایاں ہنر 21st Century Skill ہے۔مل کر کام کرنا سماجی روابط میں اضافہ کرتا ہے اور لرنرز ایک دوسرے کی مدد سے زیادہ سیکھ سکتے ہیں۔نہ صرف یہ بلکہ گروپ میں سیکھتے ہیں کہ مل کر کام کرنا کتنا Creative اور پروڈکٹیو Productive ہو سکتا ہے۔غیر رسمی سینٹرز (Non – Formal Education Centers) میں گروپ ورک کروائیں تاکہ لرنرز ایکٹو Active اور پروڈکٹیو Productive پڑھائی میں مصروف رہیں۔

گروپ ورک کے لئے چند رہنما اصول یہ ہیں۔

- گروپ ایسے لرنرز کا بنائیں جن میں مختلف مہارتیں Skills ہوں۔
- گروپ ورک کا مقصد بتائیں۔ گروپ ورک کے وقت کا تعین کریں۔ یہ بھی بتائیں کے گروپ ورک کے آخر میں کیا پروڈیوس کرنا ہے۔
- عام طور پر گروپ میں کچھ لرنرز بہت فعال جبکہ کچھ کام سے بچنے والے ہوتے ہیں۔ یہ استاد کی ذمہ داری ہے کہ اس طرح کرنے

والوں کی حوصلہ شکنی کرے اور ہر طالب علم پر زور دے کہ وہ سرگرمی میں حصہ لے۔

- گروپ ورک کی مشق ورڈ پروسیسنگ کے مختلف کام کرنے کے لئے کی جانی چاہیے۔

## مشق کی رہنمائی کے لیے:

(Answer Keys for MCQs)

یہاں ایم سی کیوز کے جوابات صرف اساتذہ کی آسانی کے لیے دیئے گئے ہیں۔ لرنرز کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ خود ان مشقوں کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

| نمبر | درست جوابات |
|---|---|
| 1 | ا |
| 2 | ب |
| 3 | ب |
| 4 | د |
| 5 | ا |

سوالات کے جوابات CRQs

ان سوالات کے جوابات تلاش کرنے اور انھیں لکھنے میں لرنرز کی مدد کریں۔ زبان سے زیادہ لرنرز کے خیالات پر توجہ دیں۔

## سرگرمیاں:

1. اپنی انگلش کی کتاب سے کوئی پیرا گراف ٹائپ کریں۔
2. اپنے دوست کو خط لکھیے اور ہم نصابی سرگرمیوں میں شرکت کے لیے کہیں۔
3. بجلی کے بل میں بلا جواز ڈ ٹیکشن لگانے کے خلاف سب ڈویژنل آفیسر کو درخواست لکھیں۔
4. اخبار سے کوئی خبر کالم کی شکل میں نقل کریں۔
5. ٹیبل کی مدد سے ایک کیلنڈر تیار کریں۔

# سسٹم یونٹ

یہ باب کمپیوٹر کے سسٹم یونٹ System Unit کو سمجھنے کے متعلق ہے۔ سینٹرل پروسیسنگ یونٹ سی پی یو – (Central Processing Unit CPU) کے مختلف حصوں کی شناخت کروائیں اور انہیں بیان کریں۔ جیسے مدر بورڈ Mother Board،پروسیسر Processor ، کنٹرول یونٹ Control Unit،ارتھ میٹک لوجک یونٹ Arithmetic Logic Unit،میموری Memory (ریم – Random Access Memory RAMاور روم ROM – Read Only Memory )۔ ایکسپینشن کارڈز Expansion Cards اور ایکسپینشن سلاٹس Expansion Slotsکی بھی شناخت کروائیں اور انہیں بیان کریں۔

## پڑھانے کا طریقہ:

یہ تھیوری پر مشتمل باب ہے لیکن گفتگو اور انٹرنیٹ سے حاصل کی گئی تصاویر، خاکوں،ڈایاگرام کی مدد سے اسے سمجھانا آسان ہے۔ کمپیوٹر کے اندرونی حصے دکھانے کے لئے پُرانے کمپیوٹر کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔اس باب کو مکمل

کرنے کے بعد طالب علم کو سسٹم یونٹ کے اندرونی حصوں، جیسے پروسیسر، کنٹرول یونٹ، ارتھ میٹک لوجک یونٹ، میموری (ریم-روم) کی شناخت اور وضاحت کرنی آجانی چاہیے۔ ایکسپینشن سلاٹس Expansion Slots مختلف اقسام نئے اور پرانے سی پی یو کے ذریعے دکھائی جاسکتی ہے۔ ایکسپینشن کارڈ کی تصاویر انٹرنیٹ کے استعمال کے دوران دکھائی جاسکتی ہیں۔

اگر کہیں سے خراب پرانے کمپیوٹر کے مدر بورڈ اور دیگر سامان مل جائے تو طلبہ کو سمجھانا آسان ہو گا۔ مختلف حصے دیکھ کر وہ ان کے کام کے بارے میں زیادہ بہتر اندازہ کرسکتے ہیں۔

استاد لرنرز سے سسٹم یونٹ میں موجود مختلف چیزوں کی فہرست بنانے اور ان کے کام کی تشریح کرنے کے لیے بھی کہہ سکتے ہیں۔ لرنرز کو کتاب سے ہٹ کر کوئی ٹیسٹ یا پریزنٹیشن بھی دی جاسکتی ہے تاکہ ان کی حوصلہ افزائی ہو۔ وہ کمپیوٹر میں موجود مختلف قسم کی ریم(RAM) کے بارے میں گفتگو بھی کر سکتے ہیں اور مختلف قسم کے ریم کی خصوصیات میں فرق بھی بیان کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ مختلف قسم کے سلاٹس(Slots)، ان کی خوبیاں اور ان میں استعمال ہونے والے ایکسپینشن کارڈ کے بارے میں گفتگو بھی کرسکتے ہیں۔

## مشق کی رہنمائی کے لیے:

(Answer Keys for MCQs)

یہاں ایم سی کیوز کے جوابات صرف اساتذہ کی آسانی کے لیے دیئے گئے ہیں۔

لرنرز کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ خود ان مشقوں کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

| نمبر | درست جوابات |
|---|---|
| 1 | ا |
| 2 | ب |
| 3 | ا |
| 4 | ا |
| 5 | د |

### CRQs سوالات کے جوابات

ان سوالات کے جوابات تلاش کرنے اور انہیں لکھنے میں لرنرز کی مدد کریں۔

زبان سے زیادہ لرنرز کے خیالات پر توجہ دیں۔

## سرگرمیاں

پہلی سرگرمی میں This PC میں جاکر کسی بھی جگہ رائٹ کلک کریں اور پراپرٹیز پر کلک کریں۔ یہاں آپ کو کمپیوٹر کے متعلق معلومات مل جائیں گی۔

اس کا دوسرا طریقہ ڈائریکٹ ایکس ڈائیلاگ بکس ہے۔ اسٹارٹ بٹن پر کلک کریں۔ سرچ کے خانے میں DxDiag ٹائپ کریں اوراس پروگرام کو چلائیں۔ یہ پروگرام آپ کو کمپیوٹر کے ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر کے متعلق معلومات فراہم کرے گی۔

دوسری سرگرمی میں سے وائی فائی اور وائرلیس کنکشن کے متعلق پوچھا گیا ہے جن کے ذریعے آج کل موبائیل اور دیگر گیجٹس بغیر تار کے کنکٹ کیے جاسکتے ہیں۔

اس کے علاوہ استادلرنرز کو سی پی یو اور مدربورڈ کے حصے (Physical Components) دکھائیں طلبہ سے ان کے مختلف حصوں کی شناخت دریافت کریں، جیسے ریم اور روم، ایکسپینشن سلاٹس وغیرہ۔

# پاور پوائنٹ پریزنٹیشن

یہ باب پاورپوائنٹ پریزنٹیشن کی مہارت سیکھنے کے بارے میں ہے۔ پریزنٹیشن کی مہارت ایک اہم ہنر ہے۔ وہ لوگ جو پریزنٹیشن کی اچھی مہارت رکھتے ہیں, پیشہ ورانہ زندگی میں زیادہ کامیاب ہوتے ہیں۔ پریزنٹیشن سافٹ ویئر کے ذریعے ہم پُرکشش اور معلوماتی پریزنٹیشن بنانا سیکھ سکتے ہیں۔ پریزنٹیشن بنانے کے لیے گوگل سلائیڈ اور مائیکروسافٹ پاورپوائنٹ دو عام استعمال ہونے والے پلیٹ فارم ہیں۔ اس سبق میں مائیکروسافٹ پاورپوائنٹ دیا گیا ہے۔

## پڑھانے کا طریقہ:

ایم ایس ورڈ کی طرح یہ بھی پریکٹیکل یونٹ ہے لیکن استاد کو پہلے یہ تصور دینا چاہیے کہ پریزنٹیشن کیا ہے اور کیوں ضروری ہے؟ استاد پاور پوائنٹ کے مختلف حصوں کی وضاحت کرنے کے لئے، جیسے آؤٹ لائن اور سلائیڈ پین (Slide Pane)،سلائیڈ اور سلائیڈ ویو(Slide View) کے آپشنز (options) کے مظاہرے (Demonstration) کا طریقہ اختیار کرسکتا ہے۔ اس کے بعد لرنرز کو مشق کرنی چاہیے اور خود پاورپوائنٹ پریزنٹیشن تیار کرنی چاہیے۔ لرنرز مختلف مضامین میں جو موضوعات پڑھ رہے ہیں جیسے

ریاضی اور سائنس پر پریزنٹیشن تیار کر سکتے ہیں۔ سیکھنے کا عمل درجہ بہ درجہ بہتر ہونا چاہیے۔ یعنی پہلے سادہ سلائیڈ بنائیں، پھر ایک سادہ سی تین چار سلائیڈ ز بنائیں اور پھر اس میں اینیمیشنز (Animation)اور ٹرانزیشنز (Transition)شامل کریں۔

ملٹی میڈیا پریزنٹیشن مختلف اشیاء سے بنائی جاتی ہے جیسے متن، تصاویر، ویڈیوز اور آڈیوز۔

استاد کو چاہیے کہ لرنرز کی مختلف چیزوں کے ساتھ سلائیڈز بنانے میں حوصلہ افزائی کریں۔

کتاب میں دی گئی مہارتوں کے علاوہ پریزنٹیشن کے متعلق مندرجہ ذیل کام کو ضرور آنا چاہیے ۔

سلائیڈ میں تصاویر، چارٹس، ٹیکسٹ وغیرہ شامل کرنا۔

سلائیڈز میں آڈیو اور ویڈیو شامل کرنا۔

تصویروں اور ٹیکسٹ پر کسٹم اینی میشن لگانا۔

سلائیڈ کی تبدیلی پر ٹرانزیشن افیکٹ لگانا۔

سلائیڈ کی تبدیلی اور کسٹم اینی میشن پر ٹائمر کا استعمال تاکہ وہ از خود تبدیل ہو سکیں۔

## مشق کی رہنمائی کے لیے:

(Answer Keys for MCQs)

یہاں ایم سی کیوز کے جوابات صرف اساتذہ کی آسانی کے لیے دے دیئے گئے ہیں ۔

لرنرز کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ خود ان مشقوں کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

| نمبر | درست جوابات |
|---|---|
| 1 | ب |
| 2 | ج |
| 3 | ج |
| 4 | ج |

### سوالات کے جوابات CRQs

ان سوالات کے جوابات تلاش کرنے اور انہیں لکھنے میں لرنرز کی مدد کریں۔زبان سے زیادہ لرنرز کے خیالات پر توجہ دیں۔

## سرگرمیاں:

1 پاکستان / سندھ کے اہم شہروں کے بارے میں پریزنٹیشن بنائیں۔

2 سائنس اور سوشل اسٹڈیز کے مطالعے میں آپ نے جو سیکھا ہے اس میں سے کسی ایک موضوع پر پریزنٹیشن بنائیں۔

# ای میل کی تعریف کریں

یہ باب ای میل(Email)کے بارے میں ہے۔ای میل اکاؤنٹ انٹرنیٹ کا ایک لازمی حصہ بن چکاہے۔کسی بھی شخص کو سمارٹ فون کے استعمال کے لیے ای میل اکاؤنٹ کی ضرورت ہوتی ہے ۔ موبائل فونز کے لئے جی میل(Gmail) ضروری ہے ۔ یہ یونٹ جی میل اکاؤنٹ ایڈریس (Address)، یوزر نیم صارف کے نام (User Name)اور پاس ورڈ (Password)کے بارے میں بیان کرتا ہے۔یہ لرنرز کی مختلف ای میل سروسز جیسے یاہو(Yahoo)یا جی میل (Gmail)کو استعمال کرتے ہوئے ای میل اکاؤنٹ بنانے میں مدد کرتا ہے۔یہ بتاتا ہے کہ ای میل پیغامات کو کیسے کمپوز کرتے(compose)اور بھیجتے ہیں۔کیسے ای میل کو چیک کرتے، اس کا جواب دیتے اور اس سے لاگ آؤ ٹ ہوتے ہیں۔لرنرز کو فولڈرز Foldersکا استعمال بھی آنا چاہیے۔ جیسے ان باک(Inbox)، سینٹ(Sent)،ٹریش(Trash)

## پڑھانے کا طریقہ:

یہ پریکٹیکل یونٹ ہے اور زیادہ تر انٹرنیٹ کے استعمال سے پڑھایا جائے گا۔ ابتدائیں میں ای میل کا تصور، اس کا مقصد، فائدہ اور اس میں استعمال ہونے والے فیچرز (Features) اور آپشنز (options) کے بارے میں بتایے۔ استاد مختلف فیچرز Featuresاور اقدام Steps سمجھانے، ای میل اکاؤنٹ بنانے اور اسے استعمال کرنے کے لئے ای میل کے اسکرین شاٹس Screen Shots کا استعمال کر سکتا ہے۔

تھیوری کے بعد لرنرز کو پریکٹیکل طور پر ای میل کے استعمال کے لیے انٹرنیٹ پرلے جانا چاہیے۔ پہلے یاہو یا جی میل کی سروسز استعمال کرتے ہوئے ای میل اکاؤنٹ بنانے کے لیے آن لائن فارم بھریں۔ اس سے صارف کو یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ دیا جاتا ہے۔ استاد بتائے کہ کیسے ای میل اکاؤنٹ میں لاگ ان یا سائن ان (Login) ہوتے ہیں اور کیسے لاگ آؤٹ یا سائن آؤٹ (Logout) ہوتے ہیں۔ سے دو یا زیادہ ای میل اکاونٹ بنوائے جائیں اور ان ای میل اکاؤنٹس کے درمیان ای میل کمپوز کرنا (compose)، بھیجنا، چیک کرنا، جواب دینا اور ای میل کے فیچرز استعمال کرنا بتائیں۔ لرنرز سے کہا جائے کہ وہ پاس ورڈ تبدیل کرکے، ای میل ڈلیٹ Delete کر کے، سیٹنگ

وغیرہ تبدیل کر کے اس کے اضافی فیچرز Features چیک کریں۔ استاد لرنرز سے مختلف چیزیں جیسے فائلز Files، فولڈرز Folders اور ٹیکسٹ Text ای میل کے ذریعے بھیجنے کی تاکید کریں۔ اس یونٹ کی تکمیل پر لرنرز کو ای میل کے بارے میں بنیادی چیزیں آنا چاہیں۔

جہاں ممکن اور ضرورت ہو، موبائیل فون بھی استعمال کروایا جاسکتا ہے۔

لرنرز کو سمجھائیں کہ ای میل کی حفاظت بہت ضروری ہے۔ اپنا پاس ورڈ کسی کو نہ دیں اور نہ ہی کسی کا ای میل استعمال کریں۔

## مشق کی رہنمائی کے لیے:

(Answer Keys for MCQs)

یہاں ایم سی کیوز کے جوابات صرف اساتذہ کی آسانی کے لیے دے دیے گئے ہیں۔ لرنرز کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ خود ان مشقوں کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

| نمبر | درست جوابات |
|---|---|
| 1 | ج |
| 2 | د |
| 3 | ا |
| 4 | ج |
| 5 | ج |

## سوالات کے جوابات CRQs

ان سوالات کے جوابات تلاش کرنے اور انہیں لکھنے میں لرنرز کی مدد کریں۔ زبان سے زیادہ لرنرز کے خیالات پر توجہ دیں۔

## سرگرمیاں:

تمام سرگرمیاں پریکٹیکل پر مبنی ہیں جن میں لرنرز سیکھیں گے کہ:

جی میل پر ایک ای میل اکاؤنٹ بنائیں۔

ایک ای میل کیسے چیک کی جاتی ہے، بنائی جاتی ہے اور اس کا جواب کیسے دیا جاتا ہے۔

لرنرز مختلف دوستوں کو ای میل کے ساتھ فوٹو اور دستاویزات منسلک کر کے ای میل بھیجیں۔

# قومی ترانہ

پاک سَر زمین شاد باد کشورِ حَسین شاد باد
تو نشانِ عزمِ عالیشان ارضِ پاکِستان !
مَرکزِ یقین شاد باد
پاک سَر زمین کا نظام قُوَّتِ اُخُوّتِ عوام
قوم، مُلک، سَلطنت پائندہ تابندہ باد
شاد باد مَنزلِ مُراد
پرچمِ سِتارہ و ہلال رہبرِ ترقّی و کمال
ترجمانِ ماضی شانِ حال جانِ استقبال
سایۂ خُدائے ذُوالجلال

نظامت برائے خواندگی وغیر رسمی تعلیم
نظامت برائے نصاب، جائزہ وتحقیق
شعبہ تعلیم وخواندگی، حکومتِ سندھ